بسم اللہ الرحمن الرحیم

اگلی صف میں جگہ ہونے کے باوجود جلدی کی وجہ سے پچھلی صف میں نماز شروع کر دینا

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

میں عصر کی نماز پڑھنے کے لئے جماعت میں شامل ہو رہا تھا، پہلی صف میں کچھ جگہ باقی تھی لیکن جلدی جماعت میں شامل ہونے کی غرض سے میں نے دوسری صف میں کھڑے ہو کر جماعت میں شمولیت اختیار کر کے نماز ادا کی، کیا اس طرح میری نماز ادا ہو گئی؟

جواب

جماعت میں صفوں کو مکمل کرنا واجباتِ جماعت میں سے ہے اور اگلی صف میں جگہ ہوتے ہوئے پچھلی صف میں نماز شروع کر دینا ترکِ واجب، ناجائز اور گناہ ہے۔ لہٰذا اس سے توبہ کریں البتہ نماز ہو گئی دوہرانے کی حاجت نہیں۔

حضور صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: "اتموا الصف المقدم ثم الذی یلیه فما کان من نقص فلیکن فی الصف المؤخر" ترجمہ: آگے والی صف کو مکمل کرو پھر اس کے بعد والی کو، پس جو کمی ہو، وہ آخری صف میں ہو۔ (مسند احمد بن حنبل، جلد 21، صفحہ 114، مؤسسۃ الرسالہ، بیروت)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا رضا محمد مدنی

فتویٰ نمبر: Web-2681

تاریخ اجرا: 14 جمادی الاخریٰ 1447ھ/06 دسمبر 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net